Page #1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

# پارہ نمبر ۲

# سورۃ البقرۃ

## رکوع نمبر 11 (آیات نمبر 217 - 221)

### آیت نمبر 217

**سوال: حرمت کے مہینے کون سے ہیں؟**

جواب: جب سے دنیا بنی ہے مہینے 12 ہی ہیں اسمیں سے 4 حرمت والے ہیں۔ ان مہینوں میں جنگ و جدال نہیں ہوگا۔ دورِ جہالیت سے ہی لوگ ان حرمت والے مہینوں کا خیال رکھتے تھے۔ حرمت والے مہینے 4 ہیں محرم، رجب، ذی القعدہ اور ذی الحج۔

**سوال: فتنے کتنی طرح کے ہوتے ہیں؟**

جواب: فتنے دو طرح کے ہوتے ہیں۔

* - قتل کرنا یعنی جان لے لینا
* - فطری یلغار یعنی نظریاتی حملے کرنا۔

**سوال: قتال کی کتنی صورتیں ہیں؟**

جواب: قتال کی دو صورتیں ہیں۔

* - فرض کفایہ :- اگر کچھ لوگ نے کر لیا تو باقیوں پر اسکی پکڑ نہیں ہوگی جیسے غزوہ بدر

فرض کفایہ کے لیے شوہر، ماں باپ، فرض خواہوں کی اجازت کی ضرورت ہے۔

* - فرض عین :- سب پر کرنا لازمی ہے جیسے غزوہ تبوک جسمیں ہر ایک کو نکلنا پڑے گا۔
کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں۔
یہ حکومت وقت بتائے گی کہ یہ فرض عین ہے یا کفایہ۔

**سوال: غیر مسلموں کا ہدف کیا ہے؟**

جواب: غیر مسلموں کا ہدف یہ ہے کہ تمھیں تمھارے دین سے پھیر دیں۔

**سوال: غیر مسلموں کو دین اسلام سے نفرت کیوں ہے؟**

جواب:
1. انہیں اس دین کی سمجھ نہیں۔
2. دین کو اپنے مفادات کے خلاف سمجھتے ہیں۔
3. دین سے نفرت دشمنی کی بنیاد پر۔

## پارہ نمبر ۲
## سورۃ البقرۃ
### رکوع نمبر 11 (آیت نمبر 217-221)

**سوال: ہم دین سے نفرت ختم کرنے کے لیے کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟**

جواب: ① کیونکہ ان کو دین کی سمجھ نہیں آتی اسلیے دین ان کے سامنے آسان کر کے رکھ دیا جائے۔
② دین کو اپنے مفادات کے خلاف سمجھتے ہیں اسلیے انکے مفادات کا رخ بدل دیا جائے۔
③ بری چیزیں کو اچھی چیزیں میں بدل دیا جائے۔

**سوال: ارتداد کتنی طرح کا ہوتا ہے؟**

جواب: ارتداد دو طرح کا ہوتا ہے۔
1- اصطلاحی مرتد:- دین اسلام قبول کرے اور پھر اس سے پھر جائے۔ اس حالت میں موت آجائے تو کافر ہو کر مرا۔
2- ایسا مرتد جو اسلام کو تو مانے مگر اسلام کے احکام کو نہ مانے یعنی رب کو مانے مگر رب کی نہ مانے۔

**سوال: مرتد شخص کی کیا سزا ہے؟**

جواب: جو شخص مرتد ہو جائے
1- وہ اس حال میں مرتا ہے کہ وہ کافر ہوتا ہے۔
2- ان کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہو جاتے ہیں۔
3- ایسے لوگ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔

**سوال: دنیا میں اعمال کیسے ضائع ہوتے ہیں؟**

جواب 1- اسکے حقوق اسے نہیں دیے جاتے ہیں۔
2- نکاح ٹوٹ جائے گا۔
3- مسلمانوں کی میراث میں سے حصہ نہیں۔
4- مسلمانوں کے قبرستان میں نہیں دفن کیا جائے گا۔
5- مرد ہوگا تو قتل کی سزا ہے اور عورت ساری زندگی قید میں رہے گی۔

**سوال: آخرت میں اعمال کیسے ضائع ہوتے ہیں؟**

جواب: ① اسلام کی حالت میں جو نماز پڑھی تھی اسکا اجر نہیں ملے گا۔
② اسلام کی حالت میں رکھے گئے روزے کا کوئی اجر نہیں ملے گا۔
③ مسلمان ہوتے ہوئے جو زکوۃ دی اسکا اجر نہیں ملے گا۔
④ مسلمان ہوتے ہوئے حج کیا وہ بھی ضائع ہو گیا۔
⑤ ہمیشہ آگ میں رہیں گے۔

# پارہ نمبر ۲

## سورۃ البقرہ

## رکوع نمبر ۱۱ (آیت نمبر 221-217)

آیت نمبر 218

**سوال: اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید رکھنے کے لیے کیا چیز شرط ہے؟**

جواب: اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید رکھنے کے لیے عمل شرط ہے۔ اس آیت میں امید رکھنے کے لیے تین کاموں کا ذکر ملتا ہے ایمان، ہجرت، جہاد فی سبیل اللہ لیکن صرف اعمال پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا ہے کیونکہ ہر انسان اللہ کے رحم کی وجہ سے جنت میں جائے گا۔

**سوال: ہجرت کسے کہتے ہیں؟**

جواب: اللہ کے لیے کسی چیز کو چھوڑنے کا نام ہجرت ہے۔ یہ کوئی عادت بھی ہو سکتی ہے، کوئی جگہ بھی جہاں نیکیوں پر عمل کرنا مشکل ہو، کوئی دوست اور ساتھی بھی ہو سکتے ہیں جنہیں چھوڑا جائے۔

**سوال: جہاد کیا ہے؟**

جواب: جہاد کا لفظ محنت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس سے مراد جنگ بھی ہو سکتی ہے۔ جہاد اپنے مقصد میں مسلسل محنت اور کوشش کا نام ہے کہ انسان اس کے لیے تدبیر کرے، زبان اور قلم کا استعمال کرے، ہاتھ اور پاؤں سے اس کے لیے دوڑ دھوپ کرے اور اپنے تمام وسائل اس مقصد کے فروغ کے لیے استعمال کرے حتیٰ کہ جان بھی پڑے تو اس سے بھی دریغ نہ کرے۔

**سوال: اللہ تعالیٰ کے نام الغفور اور الرحیم یہاں کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟**

جواب: اللہ تعالیٰ کے نام الغفور کا تعلق گناہوں سے ہے یعنی اللہ تعالیٰ گناہوں کو ڈھانک دیتا ہے یعنی گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

رحیم کا تعلق رحم اور اطاعت سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا رحیم ہونا تین طرح سے ہے۔

1. اس نے ہمیں ان کاموں کا بتایا جن کے ذریعے نیکی ملتی ہے۔
2. پھر انسانوں کو اس نیکی کی توفیق بھی دیتا ہے۔
3. پھر عمل پر اجر بھی دیتا ہے۔

# پارہ نمبر ۲

## سورۃ البقرۃ

## رکوع نمبر ۱۱ (آیت نمبر 221-217)

آیت 219

سوال: "الخمر" سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہر وہ چیز جو عقل کو ڈھانپ دے وہ خمر ہے یعنی ہر نشہ آور چیز جیسے شراب۔

سوال: "المیسر" سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہر وہ مال جو آسانی سے حاصل ہو جائے اس سے مراد جوا ہے۔

سوال: "اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا" سے کیا مراد ہے؟

ان دونوں کا گناہ ان کے نفع سے زیادہ ہے۔ جبن اسلام کا اصول ہے کہ جس چیز کے نقصانات فائدے سے بڑے ہوں اسے ترک کر دیا جائے۔

سوال: "العفو" سے کیا مراد ہے؟

جواب: ضرورت سے زیادہ مال کو کہتے ہیں۔

* - جو آسان اور سہولت سے ہو اور دل پر گراں نہ گزرے۔
* - اوسط درجے کا ہو یعنی نہ اسراف ہو اور نہ بخل ہو
* - جتنا آسانی سے دے سکو۔

سوال: انفاق کے کیا فائدے ہیں؟

جواب: دل صاف اور نظر پاک ہوتی ہے۔

معاشرے کے افراد کے ساتھ مضبوط تعلق قائم ہوتا ہے

انسان کا نفس مطمئن ہو جاتا ہے۔

آیت نمبر 220

سوال: یتیموں کے متعلق اسلام میں کیا حکم ہے؟

جواب: * - ان کے ساتھ ان کی بھلائی کا معاملہ کیا جائے۔

* - یتیموں کا خرچ اور رہنا سہنا معروف طریقے سے اگر مشترک رکھنا چاہیں تو رکھ سکتے ہیں۔

سوال: "وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس میں اللہ تعالیٰ سمجھا رہے ہیں کہ یتیموں کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے اللہ کی پکڑ کا ڈر دل میں رہے کیونکہ دل اللہ کے سامنے کھلے ہیں اگر دل کے اندر بگاڑ ہے تو وہ اسے بھی جانتا ہے۔

# پارہ نمبر ۲

## سورۃ البقرۃ

### رکوع نمبر ۱۱ (آیت نمبر 217-221)

آیت نمبر 221 :-

سوال : اسلام میں شادی یا نکاح کا کیا مقصد ہے ؟

جواب : ① خاندان کی تعمیر ہو۔
② نسل انسانی کی بقا مقصود ہو۔
③ فطری خواہش کی تکمیل۔
④ عزت و عصمت کی حفاظت
⑤ سکون کا ذریعہ۔

سوال : کیا مسلمان مرد مشرک عورتوں سے نکاح کر سکتے ہیں ؟

جواب : نہیں، مسلم مرد اس وقت تک مشرک عورتوں سے نکاح نہیں کر سکتے ہیں جب تک کہ وہ اسلام نہ قبول کریں۔ اور مسلمان لونڈی مشرکہ آزاد عورت سے بہتر ہے۔